پریس ریلیز

گوجرانوالہ 04 جنوری 2024ء

ہم وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر کے اٹاوہ جی ٹی روڈز کے قریب فیکٹریوں کیطرف جانے والی روڈز کی از سر نو تعمیر کروانے پر انتہائی شکر گزار ہیں۔صدر گوجرانوالہ چیمبر

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب)،سابق صدر گوجرانوالہ چیمبر رانا شہزاد حفیظ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ الحمداللہ گوجرانوالہ چیمبر تیزی سے ترقی کیطرف گامزن ہے۔اٹاوہ کے قریب سرامکس سیکٹر جوکہ پاکستانی معیشت میں بیک بون کی حیثیت رکھتا ہے اس سیکٹر سے ملحقہ ساتھ روڈز جوکہ مکمل ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھیں۔ان روڈز کی تعمیر کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر ملاقات کی اور ان روڈز کی تعمیر کا مطالبہ کیا۔CM پنجاب کی خصوصی ہدایت لاہور سے ایکسپرٹ ٹیم نے ڈی سی گوجرانوالہ فیاض موہل کے ہمراہ جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف سروس روڈ اور مختلف انڈسٹریوں کیطرف جاتے ہوئے روڈز کا تقریباً ایک ماہ قبل گلہ میگما سرامکس، سٹی ماسٹر سرامکس، سپر ماسٹر سرامکس، سپریم ایشیا سرامکس، سٹار سرامکس، این ایم سرامکس، ایشیا سرامکس سروے کیا۔اس ضمن تمام ورکنگ مکمل کرنے کے بعد گزشتہ روز ڈی سی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل نے متذکرہ روڈز پر تعمیری کام کرنے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔افتتاح کے موقع پر گوجرانوالہ چیمبر کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب)، رکن مجلس عاملہ ارسلان ڈار، سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ، رانا شہزاد حفیظ، سابق نائب صدور ملک امین ناز، بابو امتیاز حسین، سابق ایگزیکٹیو ممبران محمد وسیم، سہیل صادق، ارشد کمبوہ، ذوالفقار گورائیہ اور زاہد مشتاق سمیت سرامکس ایسوسی ایشن کے دیگر افراد بھی موجود تھے۔

ڈسی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور صوبائی وزیر صنعت ایس ایم تنویر گوجرانوالہ شہر کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کیونکہ اس شہر کی بزنس کمیونٹی کا ملکی معیشت میں کلیدی کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ آج اٹاوہ میں 7 روڈز جن میں گلہ میگما سرامکس، سٹی ماسٹر سرامکس، سپر ماسٹر سرامکس، سپریم ایشیا سرامکس، سٹار سرامکس، این ایم سرامکس، ایشیا سرامکس شامل ہے کی تعمیر کا افتتاح کیا گیا ہے بلاشبہ ان کی تکمیل کیلئے گوجرانوالہ چیمبر کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) اور سابق صدر چیمبر رانا شہزاد حفیظ کی خصوصی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔